Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ خاندان کے لیے کونسے بینیفٹس یعنی مالی امداد فراہم کرتا ہے؟

| بینفٹ یعنی مالی مدد | ادائیگی | اہلیت |
|---|---|---|
| **سکاٹس چائلڈ پیمنٹ**<br>خاندان کی کفالت کے اخراجات میں مدد کے لیے فی بچہ ادائیگی۔ | ہر 4 ہفتوں میں £106.80 پاؤنڈ۔ | بچوں کی 16ویں سالگرہ تک۔ |
| **بیسٹ سٹارٹ گرانٹ پرگننسی اینڈ بے بی پیمنٹ**<br>حمل کے اخراجات یا بچے کی دیکھ بھال میں مدد کے لیے ادائیگی۔ | پہلے بچے کے لیے £754.65 کی ادائیگی اور بعد کے بچوں کے لیے *£377.35 کی. | حمل کے 24ویں ہفتے کے اختتام سے لے کر بچے کے 6 ماہ کا ہونے تک درخواست دیں۔ |
| **بیسٹ سٹارٹ گرانٹ ارلی لرننگ پیمنٹ**<br>ابتدائی تعلیم کے اخراجات میں مدد کے لیے فی بچہ ادائیگی۔ | صرف ایک دفعہ ملنے والی ادائیگی £314.45۔ | جب بچے کی عمر 2 سے 3.5 سال کے درمیان ہو۔<br>لوگ پھر بھی درخواست دے سکتے ہیں اگر ان کے بچے کو نرسری میں جگہ نہیں مل رہی ہو۔ |
| **بیسٹ سٹارٹ گرانٹ سکول پیمنٹ**<br>اسکول کی تیاری کے اخراجات میں مدد کے لیے فی بچہ ادائیگی۔ | صرف ایک دفعہ ملنے والی £314.45 کی ادائیگی. | اس سال درخواست دیں جب بچہ اسکول شروع کرنے کے لیے پہلے کافی عمر کا ہو۔<br>لوگ اب بھی درخواست دے سکتے ہیں اور ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں اگر کوئی بچہ اسکول شروع کرنے میں تاخیر کر رہا ہے۔ |
| **بیسٹ سٹارٹ فوڈز**<br>پہلے سے ادائیگی شدہ چپ اور پن کارڈ پر انڈے، دودھ، پھل، سبزیاں اور دالوں سمیت صحت بخش خوراک خریدنے کے لیے رقم۔ | • حمل کے دوران ہر 4 ہفتوں میں £19.80<br>• پیدائش سے لے کر بچے کی پہلی سالگرہ تک ہر 4 ہفتے بعد £42.40<br>• کسی بھی بچے کے لیے 1 سے لے کر 3 سال کے ہونے تک ہر 4 ہفتے بعد £21.20۔ | حمل سے لے کر بچہ 3 سال کا ہونے تک درخواست دیں۔ |

* بعض صورتوں میں، لوگ بعد میں آنے والے بچوں کے لیے £754.65 کی زیادہ ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان میں وہ لوگ شامل ہیں جو گھریلو زیادتی کی وجہ سے اپنا گھر چھوڑنے پر مجبور ہوتے ہیں، کچھ لوگوں کو پناہ گزین کا سٹیٹس ملتا ہے اور کچھ نگہداشت کاران جو 1 سال سے زیادہ عمر کے بچے کی ذمہ داری لیتے ہیں۔

حقائق کا پرچہ

**خودکار بیسٹ سٹارٹ گرانٹ ارلی لرننگ پیمنٹ اور سکول ایج پیمنٹ**

آپ ہم درخواست دیے بغیر ان بینفٹس کے لیے خودکار ادائیگی کر سکتے ہیں۔ اگر لوگوں کو سکاٹش چائلڈ پیمنٹ ملتی ہے اور ان کا بچہ عمر کی شرائط پر پورا اترتا ہے، تو سوشل سیکورٹی اسکاٹ لینڈ خود بخود یہ بھی چیک کرتا ہے کہ آیا وہ بیسٹ سٹارٹ گرانٹ ارلی لرننگ پیمنٹ اور بیسٹ سٹارٹ گرانٹ سکول ایج پیمنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

**یہ ادائیگیاں کون حاصل کر سکتے ہیں؟**

لوگ ان ادائیگیوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں چاہے وہ برسر روزگار ہوں یا نہ ہوں۔ لوگ اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ، یا ان کے پارٹنرز، کسی بچے کے والدین یا کل وقتی نگہداشت کرنے والے ہوں اور اگر انہیں ٹیکس کریڈٹ یا کچھ دیگر بینفٹس یعنی مالی وظائف ملتے ہوں۔

بیسٹ سٹارٹ گرانٹ اور بیسٹ سٹارٹ فوڈز کے لیے، جن لوگوں کی عمر 18 سال سے کم ہو انہیں درخواست دینے کے لیے کوئی بینفٹس یعنی مالی وظائف حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔ وہ لوگ جو 18 یا 19 کے ہیں اور انہیں کوئی بینفٹس یعنی مالی وظائف یا ادائیگیاں نہیں ملتی پھر بھی وہ بیسٹ اسٹارٹ گرانٹ یا بیسٹ اسٹارٹ فوڈز کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر ان کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے کو کچھ بینفٹس مل رہے ہوں۔

**لوگ کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟**

یہاں پر لوگ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ **mygov.scot/familybenefits**.
لوگ خود، یا فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

**ان ادائیگیوں کے لیے کوالیفائنگ بینفٹس کیا ہیں؟**

یونیورسل کریڈٹ، چائلڈ ٹیکس کریڈٹ، ورکنگ ٹیکس کریڈٹ، انکم سپورٹ، پنشن کریڈٹ، انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس (JSA)، انکم سے متعلقہ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس (ESA)، ہاؤسنگ بینیفٹ (صرف بیسٹ سٹارٹ گرانٹ اور بہترین سٹارٹ فوڈز)

کسی بھی ادائیگی کے لیے اہلیت کا اندازہ لگاتے وقت ہمیں کسی کی آمدنی کے بارے میں جاننے کی ضرورت نہیں۔

**کیا ثبوت درکار ہوں گے؟**

زیادہ تر لوگ بغیر کوئی ثبوت ارسال کئے درخواست دے سکیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم ڈیپارٹمنٹ فارو ورک اینڈ پنشنز اور HMRC سے چیک کرتے ہیں کہ آپ کوالیفائنگ بینیفٹ یا ٹیکس کریڈٹ پر ہیں۔

ہمیں اس بات کے ثبوت کی ضرورت ہوتی ہے کہ درخواست دینے والا شخص بچے کے لیے ذمہ دار ہے، عام طور پر اُس بچے کے ذریعے جس کا نام بینیفٹس یعنی مالی وظائف کے دعوی پر ہے۔ رشتہ داروں میں سے نگہداشت کاران ایسے بچے کے لیے ذمہ داری ظاہر کر سکتے ہیں جو ایک مخصوص قانونی حکم، لوکل اتھارٹی کے ساتھ تحریری معاہدہ یا مخصوص حالات کے تحت ہوں، لوکل اتھارٹی کی طرف سے سپورٹ کا خط ہو۔

**کیا انہیں ان کے پارٹنر کی معلومات کی ضرورت ہوگی؟**

ہاں اگر وہ ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور:

- ایک دوسرے کے ساتھ شادی شدہ ہیں
- ایک دوسرے کے سول پارٹنر ہیں
- ایک ساتھ رہ رہے ہیں گویا آپ شادی شدہ ہیں۔

**اگر درخواست دینے کے بعد کسی کے حالات بدل جائیں تو کیا ہوگا؟**

لوگوں کو ہمیں بتانے کی ضرورت ہے کہ جب بھی ان کے حالات بدل جاتے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ انہیں وہ سب کچھ مل رہا ہے جس کے وہ حقدار ہیں۔ اس میں ایسی تبدیلیاں شامل ہو سکتی ہیں کہ کسی کو کونسے بینفٹس یا ٹیکس کریڈٹ ملتے ہیں یا وہ کہاں رہتے ہیں۔

**لوگوں کو ادائیگی کیسے کی جائے گی؟**

مستحق خاندانوں کو ان کے نامزد کردہ اکاؤنٹ میں ادائیگی کی جائے گی۔ بیسٹ اسٹارٹ فوڈز کی ادائیگی ایک کارڈ پر کی جائے گی۔

**کیا یہ ادائیگیاں دوسرے بینفٹس یعنی مالی وظائف کو متاثر کرتی ہیں؟**

نہیں، ان کو یو-کے کے مالی وظائف اور ٹیکس کریڈٹ کے جائزوں کے لیے مدنظر نہیں رکھا جائے گا۔

خاندانوں کے لیے دستیاب معاونت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سکاٹش حکومت کی کاسٹ آف لونگ (رہن سہن کے اخراجات کی) ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
**gov.scot/costoflivingsupport**

COST OF LIVING SUPPORT

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001 (سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں